100176-ایک خاتون نے کئی سالوں سے سفید سونے کی زکاۃ نہیں دی، تو اب کیسے زکاۃ دے؟

سوال

میں نے اپنے سونے کی زکاۃ تین سال سے ادا نہیں کی، اور میرے پاس موجود تمام سونا سفید ہے، میں نے یہ سنا تھا کہ سفید سونا پلاٹینم ہوتا ہے، اس لئے اس پر زکاۃ نہیں ہے، مجھے ابھی کچھ عرصہ قبل معلوم ہوا تھا کہ سفید سونے پر بھی زکاۃ ہے، اسکے بعد میں نے فیصلہ کیا کہ اپنا سونا جمع کر کے اسکا وزن کرواؤنگی تا کہ میں سارے سونے کی تین سالہ زکاۃ ادا کر سکوں، لیکن کچھ سونا ایسا بھی ہے جو میں نے ایک سال کے بعد فروخت کر دیا تھا، اور کچھ میں نے دو سال بعد فروخت کیا تھا، اور میں نے صرف اس لئے زکاۃ ادا نہیں کی تھی کہ میرے علم کے مطابق سفید سونے میں زکاۃ ہے ہی نہیں، تو اب میں اپنے اس سونے کی زکاۃ کیسے ادا کروں جو میں نے ایک سال یا دو سال قبل فروخت کر دیا تھا؟

پسندیدہ جواب

تجربہ کار لوگوں کے مطابق سفید سونا بھی عام سونے کی طرح سونا ہے، لیکن اس پر کچھ [کیمیائی] مواد لگا نے سفید ہوجاتا ہے، اگر معاملہ ایسے ہی ہے تو سفید سونے میں بھی نصاب پورا ہونے پر زکاۃ فرض ہوگی، چاہے سفید سونا نصاب کی مقدار میں موجود ہو، یا دیگر سونے کیساتھ ملا کر نصاب کے برابر پہنچتا ہو، جبکہ سونے کیلئے نصاب پچاسی (85) گرام ہے۔

اس میں سے چالیسواں (2.5٪) ادا کرنا ضروری ہے، چاہے زکاۃ اسی سونے سے ادا کی جائے یا مارکیٹ ریٹ کے مطابق قیمت لگا کر نقدی دی جائے، چنانچہ اگر آپکے پاس موجود سونے کی قیمت مثال کے طور پر پانچ ہزار (5000) ریال ہے تو اس میں سے (2.5٪) ادا کرنے کیلئے ایک سو پچیس (125) ریال دینے ہونگے۔

اور آپ پر گذشتہ سالوں کی زکاۃ ادا کرنا بھی واجب ہے، جس کے لئے ہر سال کے آخر میں آپ کے پاس موجود سونے کا وزن معلوم کر کے اس سے زکاۃ ادا کروگی۔

چنانچہ اگر آپ کے پاس پہلے سال میں مثال کے طور پر 200 گرام سونا تھا، پھر اس میں سے ایک سال کے بعد 50 گرام آپ نے فروخت کر دیا، پھر دوسرے سال کے بعد مزید 50 گرام سونا فروخت کر دیا تو آپکو پہلے سال کی زکاۃ 200 گرام، دوسرے سال کی زکاۃ 150 گرام، اور تیسرے سال کی زکاۃ 100 گرام سونے سے [2.5٪] ادا کرنی ہوگی۔

واللہ اعلم.